سوال

(328) پھوپھیرے بھائی کی لڑکی حقیقی بھتیجی جیسی ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پھوپھیرے بھائی کی لڑکی حقیقی بھتیجی جیسی ہے یا نہیں؟ اور غیر محرم ہے یا محرم اس کے ساتھ شادی کرنی جائز ہے یا نہیں۔ قرآن وحدیث اور فقہ سے محقق جوابدیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصل پھوپھیری بہن ہو تو وہ بھی محرم نہیں۔ اس سے بھی شادی کرنی درست ہے۔ چہ جائیکہ اس سے کم درجہ پھوپھیرے بھائی کی لڑکی سے تو بلا اختلاف واعتراض نکاح جائز ہے۔ نہ وہ محرم ہے نہ وہ حقیقی بھتیجی جیسی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 322

محدث فتویٰ